Quran with Urdu Translation

Fateh Muhammad Jalundhary

(فتح محمد جالندھری)

سورۃ الطور

Urdu Translation اردو ترجمہ

Click This Bar to Listen Audio

بسم اللہ الرحمن الرحیم

(کوہ) طور کی قسم	.1
اور کتاب کی جو لکھی ہوئی ہے	.2
کشادہ اوراق میں	.3
اور آباد گھر کی	.4
اور اونچی چھت کی	.5
اور ابلتے ہوئے دریا کی	.6
کہ تمہارے پروردگار کا عذاب واقع ہو کر رہے گا	.7
(اور) اس کو کوئی روک نہیں سکے گا	.8

.9	جس دن آسمان لرزنے لگے کپکپا کر
.10	اور پہاڑ اُڑنے لگیں اُون ہو کر
.11	اس دن جھٹلانے والوں کے لئے خرابی ہے
.12	جو خوض (باطل) میں پڑے کھیل رہے ہیں
.13	جس دن ان کو آتش جہنم کی طرف دھکیل دھکیل کر لے جائیں گے
.14	یہی وہ جہنم ہے جس کو تم جھوٹ سمجھتے تھے
.15	تو کیا یہ جادو ہے یا تم کو نظر ہی نہیں آتا
.16	اس میں داخل ہو جاؤ اور صبر کرو یا نہ کرو تمہارے لئے یکساں ہے، جو کام تم کیا کرتے تھے (یہ) انہی کا تم کو بدلا مل رہا ہے
.17	جو پرہیزگار ہیں وہ باغوں اور نعمتوں میں ہوں گے
.18	جو کچھ ان کے پروردگار نے ان کو بخشا اس (کی وجہ) سے خوشحال، اور ان کے پروردگار نے ان کو دوزخ کے عذاب سے بچا لیا
.19	اپنے اعمال کے صلے میں مزے سے کھاؤ اور پیو
.20	تختوں پر جو برابر بچھے ہوئے ہیں تکیہ لگائے ہوئے اور بڑی بڑی آنکھوں والی حوروں کو ہم ان کا رفیق بنا دیں گے

.21	اور جو لوگ ایمان لائے اور ان کی اولاد بھی (راہِ) ایمان میں ان کے پیچھے چلی ہم ان کی اولاد کو بھی ان (کے درجے) تک پہنچا دیں گے اور ان کے اعمال میں سے کچھ کم نہ کریں گے ہر شخص اپنے اعمال میں پھنسا ہوا ہے
.22	اور جس طرح کے میوے اور گوشت کو ان کا جی چاہے گا ہم ان کو عطا کریں گے
.23	وہاں وہ ایک دوسرے سے جام شراب جھپٹ لیا کریں گے، جس (کے پینے) سے نہ ہذیان سرائی ہوگی نہ گناہ کی بات
.24	اور نوجوان خدمتگار (جو ایسے ہوں گے) جیسے چھپائے ہوئے موتی ان کے آس پاس پھریں گے
.25	اور ایک دوسرے کی طرف رخ کرکے آپس میں گفتگو کریں گے
.26	کہیں گے کہ اس سے پہلے ہم اپنے گھر میں (خدا سے) ڈرتے تھے
.27	تو خدا نے ہم پر احسان فرمایا اور ہمیں لو کے عذاب سے بچا لیا
.28	اس سے پہلے ہم اس سے دعائیں کیا کرتے تھے، بیشک وہ احسان کرنے والا مہربان ہے
.29	تو (اے پیغمبر!) تم نصیحت کرتے رہو تم اپنے پروردگار کے فضل سے نہ تو کاہن ہو اور نہ دیوانے
.30	کیا کافر کہتے ہیں کہ یہ شاعر ہے (اور) ہم اس کے حق میں زمانے کے حوادث کا انتظار کر رہے ہیں

.31	کہہ دو کہ انتظار کئے جاؤ میں بھی تمہارے ساتھ انتظار کرتا ہوں
.32	کیا ان کی عقلیں ان کو یہی سکھاتی ہیں؟ بلکہ یہ لوگ ہیں ہی شریر
.33	کیا (کفار) کہتے ہیں کہ ان پیغمبر نے قرآن کو از خود بنالیا ہے، بات یہ ہے کہ یہ (خدا پر) ایمان نہیں رکھتے
.34	اگر یہ سچے ہیں تو ایسا کلام بنا تو لائیں
.35	کیا یہ کسی کے پیدا کئے بغیر ہی پیدا ہو گئے ہیں یا یہ خود (اپنے تئیں) پیدا کرنے والے ہیں
.36	یا انہوں نے آسمانوں اور زمین کو پیدا کیا ہے (نہیں) بلکہ یہ یقین نہیں رکھتے
.37	کیا ان کے پاس تمہارے پروردگار کے خزانے ہیں یا یہ (کہیں کے) داروغہ ہیں
.38	یا ان کے پاس کوئی سیڑھی ہے، جس پر (چڑھ کر آسمان سے باتیں) سن آتے ہیں؟ تو جو سن آتا ہے وہ صریح سند دکھائے
.39	کیا خدا کی تو بیٹیاں اور تمہارے بیٹے؟
.40	(اے پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم!) کیا تم ان سے صلہ مانگتے ہو کہ ان پر تاوان کا بوجھ پڑ رہا ہے؟
.41	یا ان کے پاس غیب (کا علم) ہے کہ وہ اسے لکھ لیتے ہیں؟
.42	کیا یہ کوئی داؤ کرنا چاہتے ہیں؟

تو کافر تو خود داؤ میں آنے والے ہیں	
کیا خدا کے سوا ان کا کوئی اور معبود ہے؟ خدا ان کے شریک بنانے سے پاک ہے	.43
اور اگر یہ آسمان سے (عذاب) کا کوئی ٹکڑا گرتا ہوا دیکھیں تو کہیں کہ یہ گاڑھا بادل ہے	.44
پس ان کو چھوڑ دو یہاں تک کہ وہ روز جس میں وہ بے ہوش کر دیئے جائیں گے سامنے آ جائے	.45
جس دن ان کا کوئی داؤ کچھ بھی کام نہ آئے اور نہ ان کو (کہیں سے) مدد ہی ملے	.46
اور ظالموں کے لئے اس کے سوا اور عذاب بھی ہے لیکن ان میں کے اکثر نہیں جانتے	.47
اور تم اپنے پروردگار کے حکم کے انتظار میں صبر کیے رہو تم تو ہماری آنکھوں کے سامنے ہو اور جب اٹھا کرو تو اپنے پروردگار کی تعریف کے ساتھ تسبیح کیا کرو	.48
اور رات کے بعض اوقات میں بھی اور ستاروں کے غروب ہونے کے بعد بھی اسکی تنزیہ کیا کرو *********	.49

****

© Copy Rights:
Zahid Javed Rana, Abid Javed Rana
Lahore, Pakistan
www.quran4u.com